Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-413
موضوع: اسکولوں میں سیل فون اور دیگر برقیاتی آلات
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 26 فروری، 2015

## خلاصہ

یہ ایک نیا ضابطہ ہے۔ یہ محکمئہ تعلیم کی ذیل کو رکھنے اور استعمال کرنے کے متعلق پالیسی کو قائم کرتا ہے: 1) سیل فون؛ 2) لیپ ٹاپس، ٹیبلیٹس، آئی پیڈز اور ایسے ہی حساب کتاب کرنے والے آلات ( "حساب کتاب کرنے والے آلات") اور 3) اسکولوں میں موسیقی اور تفریح کے دستی آلات۔ سیل فونز، حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کو اسکول میں اپنے پاس رکھنے کی اجازت ہے۔ ہر اسکول کے لیے اسکول کی املاک پر ان اشیا کے استعمال کے متعلق ایسی اسکول پیما پالیسی قائم کرنا لازمی ہے جس کو اس ضابطے سے مربوط ہونا چاہیئے۔ یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-412 ، بتاریخ 06/8/11 کے حصه V(D)،V(E)، V(F) اور منسلکه A پر برتری رکھتا ہے اور اس کی جگہ لیتا ہے۔

**A-413 اسکولوں میں سیل فون اور دیگر برقیاتی آلات**
**2/26/2015**

## I. محکمئہ تعلیم کی پالیسی

A. طلبا کو مندرجہ ذیل برقی آلات اسکول لانے کی اجازت ہے: 1) سیل فون؛ 2) لیپ ٹاپس، ٹیبلیٹس، آئی پیڈز اور ایسے ہی حساب لگانے والے آلات ( "حساب کتاب کرنے والے آلات") اور 3) موسیقی اور تفریح کے دستی آلات (جیسے کہ آئی پاڈز، ایم پی 3 پلیئرز، PSP اور نینٹینڈوز DS)۔[1]

B. سیل فون اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کو اسکول کے کوئز، ٹسٹ یا امتحان کے دوران کھولنا یا استعمال کرنا منع ہے۔[2]

C. حساب لگانے کے آلات کو اسکول کے کوئز، ٹسٹ یا امتحان کے دوران کھولنے یا استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے ماسوائے اسکول کے ذریعے اس کی خاص طور پر اجازت دی گئی ہو یا یہ انفرادی تعلیمی پروگرام یا حصہ 504 سہولیات منصوبہ میں شامل ہو۔

D. سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کو اسکول میں آگ لگنے کی صورت کی مشق یا دیگر ہنگامی صورت کی مستعدی کی مشقوں کے دوران کھولا یا استعمال نہیں کیا جانا چاہیئے۔

E. سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کو لاکر رومز یا بیت الخلا میں استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔

## II. اسکول میں قائم تحریری پالیسی کی تخلیق

A. پرنسپل کے لیے سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کے متعلق استعمال کے بارے میں اس ضابطے سے مربوط اسکول پر مبنی تحریری پالیسیوں کو قائم کرنا چاہیئے:

1. ایسی صورت حال جن میں سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کو اسکول کے املاک پر استعمال کیا جا سکتا ہے؛ اور
2. ایسی اشیا کو ضبط کرنے، محفوظ رکھنے اور واپس کرنے کے طریق کار

B. پرنسپل کو اسکول پر مبنی پالیسیوں کو تشکیل دینے کے لیے اسکولی قیادتی ٹیم (SLT) سے مشاورت کرنی چاہیئے۔

C. اس کے علاوہ، کیمپس میں واقع اسکول کے لیے عمارت کی کونسل کو جیمنیزیم، آڈوٹوریم، راہداریوں اور کیفیٹریا جیسی مل کر استعمال کی جانے والی مشترکہ جگہوں میں ایسی اشیا کے استعمال کے متعلق تحریری پالیسیاں قائم کرنی چاہیئیں۔[3]

---

[1] چانسلر کے ضابطے A-412 کے حصہ V(D)، V(E)، V(F) اور منسلکہ A پر بذریعہ ہذا یہ ضابطہ برتری رکھتا ہے۔

[2] ریاستی معیاراتی امتحانات کے دوران سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات اور دیگر برقی آلات کا استعمال ریاستی محکمئہ تعلیم کے قوائد کے تابع ہے۔

[3] کیمپس میں واقع ہر ایک اسکول کا کیمپس کی پالیسی کے لیے ایک ووٹ ہو گا۔ اکثریت ووٹ فیصلہ کن ہو گا۔ مساوی ووٹ کی تعداد کی صورت میں، عمارت کی کونسل کو کیمپس کے اعلی حکام کے دفتر سے رابطہ کرنا چاہیئے، جو حتمی فیصلہ کریں گے۔

D. اسکول پر مبنی پالیسیوں کو تعلیمی سال 2015-2014 کے لیے 2 مارچ، 2015 تک اپنا لینا چاہیئے اور اس کے بعد ہر سال 31 اکتوبر تک۔

E. تعلیمی سال 2015-2014 کے لیے اگر 2 مارچ، 2015 تک اسکول پر مبنی ایک کا نفاذ نہیں کیا جاتا ہے تو پرنسپل کے لیے لازمی ہے کہ ذیل میں سے کسی ایک پالیسی کو 2 مارچ، 2015 تک نافذ کرے اور لازمی ہے کہ اس سے طلبا، والدین اور عملے کو 1 اپریل، 2015 تک مطلع کرے جیسا کہ ذیل میں حصہ III A اور III B بیان کیا گیا ہے:

1. طلبا سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کو اسکول لا سکتے ہیں، لیکن یہ ان کو اسکول میں کھول یا استعمال نہیں کر سکتے ہیں؛ یا

2. طلبا سیل فون کو اسکول لا سکتے ہیں لیکن اسکول ان کو اسکول کی عمارت میں داخلے کے وقت اکٹھا کرے گا اور ان کو تعینات کردہ جگہ میں اسکولی دن کے اختتام تک محفوظ کرے گا۔ طلبا حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کو اسکول لا سکتے ہیں، لیکن یہ ان کو اسکول میں کھول یا استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔

F. تعلیمی سال 2016-2015 سے آغاز کرتے ہوئے 31 اکتوبر تک، ہر ایک اسکول کو اپنے مجتمع اسکول اور نوجوانان کے فروغ کے منصوبے میں یہ تصدیق کرنا لازمی ہے کہ انہوں نے اسکول کے املاک پر سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کے استعمال کی ایک پالیسی کو اپنا لیا ہے اور انہوں نے طلباء، والدین اور عملے کو اس سے مطلع کردیا ہے جیسا کہ ذیل حصہ III A اور III B میں بیان کیا گیا ہے۔

## III. اسکول پر مبنی پالیسیوں کی اطلاع دہی

A. ہر اسکول کے لیے ہر سال طلباء، والدین اور عملے کو 31 اکتوبر تک اس ضابطے اور اسکول کی پالیسی کا تحریری اطلاع نامہ فراہم کرنا لازمی ہے۔ صرف تعلیمی سال 2015-2014 کے لیے، ایسے اطلاع ناموں کو 1 اپریل، 2015 تک فراہم کرنا لازمی ہے۔

B. ہر اسکول کے لیے 31 اکتوبر تک اس ضابطے اور اسکول کی پالیسی کے لیے اسکول کے عملے اور طلبا کے لیے ایک واقفیتی اجلاس کا انعقاد کرنا لازمی ہے۔ صرف تعلیمی سال 2015-2014 کے لیے، ایسے واقفیتی اجلاس کا انعقاد 1 اپریل، 2015 تک فراہم کرنا لازمی ہے۔

C. ہر اسکول کے لیے اسکول کی پالیسی کے نوٹس کو اپنے اسکول کی ویب سائٹ پر شائع کرنا لازمی ہے۔

## IV. طلبا کا نظم و ضبط

جو طلبا سیل فون، حساب کتاب کے آلات اور / یا موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کو محکمئہ تعلیم کی ضابطہ انضباط، اسکول کی پالیسی، چانسلر کے ضابطے A-413 اور / یا محکمئہ تعلیم کی انٹرنیٹ کی قابل قبول استعمال کی اور تحفظ کی پالیسی ("IAUSP") کی خلاف ورزی کرتے ہوئے استعمال کریں گے، تو وہ ضابطہ انضباط میں قائم کی گئی رہنما مداخلتوں اور انضباطی کارروائیوں کے مطابق تادیب کا سامنا کریں گے۔

## V. سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کو ضبط کرنا

اگر ایک اسکول محکمئہ تعلیم کی ضابطہ انضباط، اسکول کی پالیسی، چانسلر کے ضابطے A-413 اور / یا محکمئہ تعلیم کی انٹرنیٹ کی قابل قبول استعمال اور تحفظ کی پالیسی ("IAUSP") کی خلاف ورزی کرنے پر سیل فون، حساب کتاب لگانے والے آلات اور موسیقی اور تفریح کے دستی آلات کو ضبط کرتے ہیں تو پرنسپل / نامزد کردہ کو طالب علم کے والدین سے رابطہ کرنا لازمی ہے۔ ایسی اشیا کو ضبط کرنے، محفوظ رکھنے اور واپس کرنے کے کام کو اسکول کی پالیسی کے مطابق کیا جانا چاہیئے۔ ( مذکورہ بالا حصہ II A ملاحظہ کریں۔)

**VI. استثناء**

چانسلر یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ اس ضابطے سے یا اس کے کسی حصے (حصوں) سے استثنا قرار دے سکتا ہے، اگر وہ یہ طے کرے کہ یہ اسکولی نظام کے بہترین مفاد میں ہے۔

**VII. استفسارات**

ضابطے سے متعلق استفسارات ذیل کو بھیجے جانے چاہییں:

Office of Safety and Youth Development

N.Y.C. Department of Education

52 Chambers Street – Room 218

New York, NY 10007

ٹیلیفون: 212-374-4220

فیکس: 212-374-5751